این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

查看本文件的中文版 | এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
이 문서를 한국어로 보기 | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen | Consultez ce document en français
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں | Consulte este documento en español

schools.nyc.gov/messagesforfamilies

28 اکتوبر، 2024

یہ تجدید این وائی سی پبلک اسکولز (NYCPS) کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہے، بشمول آنے والے 2024-25 تعلیمی سال کیلنڈر، داخلے کی آخری تاریخیں، ریموٹ لرننگ کے لیے تیاری، نیو یارک ریاست کے ویکسینیشن مطلوبات، اور یہ تفصیلات کہ آپ NYCPS کے بارے میں تازہ ترین خبریں کہاں سے حاصل کرسکتے ہیں۔

مندرجات

- آنے والی اہم تاریخیں
- 2025 ہائی اسکول داخلے
- 2025 مڈل اسکول داخلے
- نومبر میں والدین-اساتذہ کانفرنسیں (PTCs)
- ریموٹ لرنگ کے لیے تیاری
- اپنے بچے کے مدافعتی ٹیکوں سے باخبر رہیں۔
- کیا آپ نے مارننگ بیل دیکھا ہے؟

آنے والی اہم تاریخیں

- **1 نومبر:** دیوالی، اسکول بند ہوں گے
- **5 نومبر:** انتخابات کا دن، NYCPS کے طلبا کے لیے کلاسیں نہیں ہونگی
- **7 نومبر:** ایلیمنٹری اسکولز کے لیے دوپہر اور شام کی والدین اساتذہ کانفرنس*
- **11 نومبر:** ویٹرنز ڈے، اسکول بند ہونگے
- **14 نومبر:** مڈل اسکولوں اور D75 اسکولوں کے لیے دوپہر / شام کی کانفرنس*
- **21 نومبر:** ہائی اسکولوں، K–12 اور 6-12 اسکولوں کے لیے والدین اساتذہ کی شام کی کانفرنس
- **22 نومبر:** ہائی اسکولوں، K–12 اور 6-12 اسکولوں کے لیے والدین اساتذہ کی دوپہر کی کانفرنس*
- **28 -29 نومبر**: تھینکس گیونگ (Thanksgiving) کی تعطیلات، اسکول بند رہیں گے۔
- **24 دسمبر – 1 جنوری**: سرما کی تعطیلات، اسکول بند رہیں گے۔

* ان اسکولوں کے طلبا کی چھٹی تین گھنٹے قبل کر دی جائے گی

2025 ہائی اسکول داخلے

خزاں 2025 میں نیو یارک شہر کے 700+ پبلک ہائی اسکول پروگراموں میں اندراج کا منصوبہ ہے؟ **1 اکتوبر** سے، موجودہ آٹھویں گریڈ اور پہلی بار نویں گریڈ میں جانے والے طلبا اس سال کے **NYCPS** ہائی اسکول درخواست طریقہ کار میں حصہ لے سکتے ہیں۔

اس سال، مائی اسکولز (**myschools.nyc**) ایک نیا پہلو پیش کرتا ہے جو درخواست گزاروں کو کسی خاص پروگرام سے انکے پیشکش موصول کرنے کے امکانات کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ (**schools.nyc.gov/OfferChances**). اسکے علاوہ، **طلبا اب اپنی درخواست پر کسی بھی تعداد میں پروگرام انتخابات درج کرسکتے ہیں،** جوسابقہ 12 کی حد سے زیادہ ہے۔

خزاں 2025 ہائی اسکول درخواستیں **بدھ، 4 دسمبر** کو بند ہوجائیں گی۔ **schools.nyc.gov/HS** پر مزید جانیئے۔

2025 مڈل اسکول داخلے

15 اکتوبر سے، موجودہ پانچویں گریڈ کے طلبا (K–6 ایلیمنٹری اسکولوں میں چھٹے گریڈ کے طلبا)، خزاں 2025 مڈل اسکول داخلوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

اس سال نیا، خاندان اب **کوئی سا بھی** سٹی پبلک مڈل اسکول اپنی درخواست پر درج کرسکتے ہیں۔ جبکہ زون شدہ اور ضلعی ترجیح اسکول ابھی بھی زون شدہ اور/یا ضلع کے طلبا کو ترجیح دینا جاری رکھیں گے، بقایا نشستوں کے لیے دیگر زون/اضلاع کے درخواست گزاروں کو اب زیر غور لایا جائے گا۔

خزاں 2025 مڈل اسکول درخواستیں **جمعہ، 20 دسمبر** کو بند ہوجائیں گی۔ **schools.nyc.gov/MS** پر مزید جانیئے۔

نومبر 2024 والدین - اساتذہ کی کانفرنسیں

اس سال کی دوسری والدین - اساتذہ کانفرنسوں کا آغاز **جمعرات، 7 نومبر** سے ہوگا۔ اپنی کانفرنس کے اوقات کا تعین کرنے کے لیے اپنے بچے کے اساتذہ سے بات کریں۔ تجاویز اور اضافی رہنمائی کے لیے ہمارے والدین اساتذہ کانفرنس صفحے (**schools.nyc.gov/ptc**) پر جائیں۔

ریموٹ لرنگ کے لیے تیاری

ایسی صورت میں کہ موسم کی وجہ سے NYCPS عمارتوں کو بند کرنا پڑے، تمام K-12 طلبا سے اپنی کلاسوں میں گھر سے شرکت کرنے کی توقع کی جائے گی۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپکے بچے کے پاس گھر پر ایک کارآمد انٹرنیٹ سے چلنے والا ڈیوائس ہے اگر آپکے بچے کو NYCPS سے ایک ڈیوائس مستعار لینے کی ضرورت ہے تو **ابھی** اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں، عمارت کے بند ہونے کا انتظار نہ کریں۔ اپنے مستعار کردہ آئی پیڈ یا لیپ ٹاپ کو استعمال کرتے ہوئے **schools.nyc.gov/NYCPSdevices** پر رہنمائی حاصل کریں کہ کیسے شروع کیا جائے۔

ریموٹ لرننگ میں حصہ لینے کے لیے، طلبا کو اپنے NYCPS طالب علم اکاؤنٹ کو استعمال کرتے ہوئے لاگ آن ہونے کی ضرورت ہوگی **(schools.nyc.gov/StudentAccounts)**۔اگر آپ کو اپنے بچے کا یوزر نیم اور پاس ورڈ معلوم نہیں ہیں، براہِ کرم **selfservice.schools.nyc** پر جائیں یا اپنے اسکول سے مدد کے لیے کہیں۔۔ ان اپلیکیشنز اور پلیٹ فارمز کے بارے میں معلومات کے لیے جو ہم استعمال کرتے ہیں، برائے مہربانی **schools.nyc.gov/DigitalLearning** پر جائیں۔

اپنے بچے کے مدافعتی ٹیکوں سے باخبر رہیں

تمام NYCPS طلبا، نوزائیدہ اور نونہال پروگراموں سے لے کر گریڈ 12 تک، اسکول میں شرکت کرنے کے لیے ریاست اور شہر کے اسکول مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔ اپنے بچے کی گریڈ سطح کے طلبا کے لیے مطلوبات **schools.nyc.gov/immunization** پر ملاحظہ کریں۔

یاد رکھیں: ایک صحتمند اسکول ماحول تمام طلبا کو تعلیم کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے، اور ویکسینز موثر ترین ذریعہ ہیں جو ہمارے بچوں کو ان بیماریوں سے بچاتی ہیں جو انہیں بیمار کرسکتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے اپنے صحت فراہم کنندہ سے بات کریں، یا **pndslookup.health.ny.gov** پر ایسا صحت فراہم کنندہ تلاش کریں جو آپکے خاندان کی ضروریات کی تکمیل کرتا ہو۔

کیا آپ نے مارننگ بیل دیکھا ہے؟

کیا آپ کو معلوم ہے کہ نیو یارک شہر کے خاندانوں کے لیے تازہ ترین خبریں اور مددگار وسائل آن لائن مارننگ بیل پر پائے جاسکتے ہیں؟ موقع نہ گنوائیں— ہمیں **schools.nyc.gov/MorningBell** پر بُک مارک کریں۔